15-10-2026 THRUSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

......چیف منسٹر ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو فصلوں کو سوکھنے سے محفوظ رکھنے کے لئے کسانوں کو بلا وقفہ برقی سربراہی کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

......ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرمارکا نے عالمی سطح کے صنعتکاروں سے تلنگانہ میں سرمایہ کاری کرتے ہوئے ریاست کی ترقی کا شراکت دار بننے کی اپیل کی ہے۔

......ریاستی وزیر سریدھر بابو نے کہا کہ تلنگانہ کے قلب جیسے سنگارینی کو خانگیانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ ادارے کو ہر طرح سے ترقی دی جائے گی۔

......بی جے پی تلنگانہ کے سربراہ رامچند رراو نے الزام عائد کیا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی مخالفت کے لئے بیرونی ممالک سے بڑے پیمانے پر فنڈس حاصل ہو رہے ہیں۔

......محکمہ موسمیات نے ریاست میں اگلے سات دنوں تک بعض مقامات پر ہلکی تا موسلا دھار بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔

MUKHIYAMANTRI

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو فصلوں کو سوکھنے سے محفوظ رکھنے کے لئے کسانوں کو بلا وقفہ برقی سربراہی کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ انہوں نے ریاست میں بارش کی صورتحال، ایل نینو کے اثرات، برقی، آبی سربراہی پر اعلی عہدیداروں کے ساتھ جائزہ اجلاس طلب کیا۔ عہدیداروں نے چیف منسٹر کو ضلع واری سطح پر صورتحال سے واقف کروایا۔ انہوں نے انتباہ دیا کہ آئندہ بیس دن انتہائی اہم ہیں اور برقی سربراہی میں لاپرواہی کو قطعی برداشت نہیں کیا جائے گا۔ وزیر اعلی نے ایل نینو کے اثرات کو کووڈ جیسی آفات سماوی سمجھ کر جون تک کے لئے موثر ایکشن پلان تیار کرنے کی ہدایت دی۔

DESK

REVANTH REDDY

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے برطانیہ کے اعلی سطحی وفد کو تیقن دیا کہ تلنگانہ حکومت کی پالیسیاں جامع ہیں اور سرمایہ کاروں کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ پیداوار کے شعبے کی توسیع کے ساتھ ساتھ نوجوانوں میں صلاحیتوں کے فروغ پر خصوصی توجہ مرکوز کی جارہی ہے۔ انہوں نے سات تا نو ڈسمبر منعقد شدنی انویسٹ تلنگانہ گلوبل سمٹ میں برطانیہ کے صنعت کاروں کو مدعو کیا ہے۔ ریاست میں تجارت، تعلیم، تحقیق اور تکنیکی شعبوں میں شراکت داری پر برطانیہ کے وفد نے دلچسپی کا اظہار کیا۔

DESK

BHATTI

ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرمارکا نے عالمی سطح کے صنعتکاروں سے تلنگانہ میں سرمایہ کاری کرتے ہوئے ریاست کی ترقی کا شراکت دار بننے کی اپیل کی ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ وہ سماکھیا چمبر آف کامرس کے گائیڈین کا رول ادا کرتے ہوئے ریاست کی ترقی کے لئے سود میں صنعتکاروں کو درکار تعاون فراہم کرنے کے لئے اقدامات کریں گے۔ ہائیٹکس میں منعقدہ سماکھیا چمبر آف کامرس گلوبل بزنس میٹ 2026 سے انہوں نے خطاب کیا۔بھٹی وکرمارکا نے کہا کہ شہر حیدرآباد کی ترقی کے لئے کیور۔ پیور۔اور ریر کے طریقہ کار کے تحت حکمت عمل کو قطعیت دی جارہی ہے۔

DESK

ADLURI LAXMAN

ریاستی وزیر اڈلوری لکشمن کمار نے کہا ہے کہ عوام کیلئے معیاری بنیادی سہولیات کی سربراہی کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ حکومت عوام کی صحت کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔انہوں نے ضلع جگتیال دھرما پوری میں واقع اندراماں کالونی میں نوتعمیر شدہ چلڈرنس پارک اور بستی دواخانے کا افتتاح کیا۔اس موقع پر ریاستی وزیر نے بتایا کہ بچوں کے لئے تفریحی ماحول کی فراہمی کے ساتھ ساتھ بستی دواخانے کے ذریعہ مقامی افراد کے لئے ابتدائی طبی امداد کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔

PTC/JAGTIYAL

SRIDHAR BABU

ریاستی وزیر سریدھر بابو نے واضح کیا کہ سنگارینی کو خانگیانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔انہوں نے آج سی ایل پی دفتر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ان کی حکومت سنگارینی کی ہر طرح سے ترقی کے لئے اقدامات کررہی ہے۔حکومت کی جانب سے کوئلہ کی پیداوار میں اضافے کے لئے منصوبے کے تحت اقدامات کئے جارہے ہیں۔انہوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ بی آرایس قائدین جھوٹ پر مبنی بیانات کے ذریعہ عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔سریدھر بابو نے الزام عائد کیا کہ بی آرایس کے دورے حکومت میں سنگارینی ادارہ قرض کے بوجھ میں ڈوب گیا تھا۔

MSM-RUN-HYD

PONNAM

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے حسن آباد حلقے کے تحت واقع کریم نگر، ہنمکنڈہ، سدی پیٹ اضلاع کے عہدیداروں کے ساتھ سکریٹریٹ سے ٹیلی کانفرنس منعقد کی۔انہوں نے دیہاتوں میں بتکماں تقاریب کے لئے جامع انتظامات کے ساتھ ساتھ اہل معذور افراد اور بزرگوں کی مدد کیلئے آلات فراہم کرنے سے متعلق اقدامات پر عہدیداروں کو خصوصی ہدایت دی۔

DESK

PONNAM PRABHAKAR

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ کھیل کود اور ورزش کے ذریعہ ہی صحت مند سماج کی تشکیل ممکن ہے۔ انہوں نے رکن اسمبلی نوین یادو کے کھیلو تلنگانہ بندھن فٹنس چیالنج کو قبول کیا۔۔ اور روزانہ تیس منٹ ورزش کرنے کا مشورہ دیا۔ عوام میں شعور بیداری کے لئے انہوں نے مزید 9 عہدیداروں کو فٹنس چیالنج دیا۔

DESK

RAMCHANDAR RAO

بی جے پی تلنگانہ کے سربراہ رامچند رراو نے الزام عائد کیا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی مخالفت کے لئے بیرونی ممالک سے بڑے پیمانے پر فنڈس حاصل کئے جارہے ہیں۔ نامور گلوکارہ میری ملبن، کے ٹوئٹ کی بنیاد پر انہوں نے ملک میں بدامنی پھیلانے کے لئے عاپ سے منسلک اداروں کو امریکہ سے فنڈس کی وصولی پر برہمی کا اظہار کیا۔ رامچند رراو نے کہا کہ جارج سوروس جیسی ایجنسیاں اس کے پیچھے ہیں۔

DESK

WEATHER

محکمہ موسمیات نے ریاست میں اگلے سات دنوں تک بعض مقامات پر ہلکی تا موسلا دھار بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ آج ملگو۔ بھدادری کتہ گوڑم۔ کھمم۔ نلگنڈہ۔ سوریہ پیٹ۔ اور محبوب آباد اضلاع کے لئے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ اس مہینے کی 18 تاریخ کو ونپتری۔ نارائن پیٹ اور جوگولامبا گدوال اضلاع میں شدید بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔ اسی طرح 18 اور 19 تاریخ حیدرآباد سمیت کئی اضلاع میں تیس تا چالیس کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔

PS

SANGAREDDY

چیف سکریٹری سنجے جاجو نے ضلع سنگاریڈی میں سنگور ریز روائر کا معائنہ کیا۔ انہوں نے سنگور پراجکٹ، پراجکٹ میں آبی گنجائش کا معائنہ کرنے کے بعد پینے کے پانی کی سربراہی سے متعلق منصوبے پر عہدیداروں اور ضلع کلکٹر پرتیک جین کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔ سنگور پراجکٹ کی مرمت کے پیش نظر کم از کم پانی کے ذخائر تک پہونچنے کے ساتھ انہوں نے آنے والے دنوں میں پانی کی قلت اور مانسون کے حالات کا سامنا کرنے سے متعلق منصوبے پر تبادلہ خیال کیا۔

PTC/SANG

HARISH RAO

سابق ریاستی وزیر ہریش راو نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ برقی بحران کی وجہ ریونت ریڈی حکومت کی نااہلی ہے۔ اس کے لئے عہدیداروں کو ذمہ دار ٹھہرانا درست نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ انتہائی افسوسناک بات ہے کہ کوئلہ کے ذخائر، جائزہ اجلاس کے بغیر برقی کٹوتی

کرنے والے عہدیداروں کو معطل کرنے کی دھمکیاں دی جارہی ہیں۔ انہوں نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عہدیداروں اور ملازمین کے خلاف ریونت ریڈی کی جانب سے کئے گئے تبصرے پر برہمی کا اظہار کیا۔

DESK

KTR

بی آر ایس کے کارگذار صدر تارک راما راو نے انتباہ دیتے ہوئے کہا کہ سنگارینی ادارے کو خانگیانے کی سازشوں کو ناکام بنایا جائے گا۔ انہوں نے گوداوری کھنی میں منعقدہ سنگارینی کارمیکا گرجنا جلسے سے خطاب کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ سنگارینی میں ہزارہا کروڑ روپئے کی بدعنوانیاں ہوئی ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ملازمین کو منافع میں سے حصہ نہ دینے پر کانگریس ایم ایل ایز اور وزراء کے گھروں کا محاصرہ کیا جائے گا۔

DESK

LOK BHAWAN

حیدرآباد کے لوک بھون میں آج بتکماں تقاریب جوش وخروش کے ساتھ منائی گئیں۔ عہدیداروں کی جانب سے تلنگانہ کی ثقافت کے مطابق انتظامات کئے گئے تھے۔ گورنر شیو پرتاپ شکلا اوران کی شریک حیات نے اس تقریب میں شرکت کی۔

DESK

ABDUL KALAM

سابق صدر جمہوریہ ہند اے پی جے عبدالکلام کی آج یوم پیدائش ہے۔ اس موقع پر بی جے پی تلنگانہ کے صدر رامچندر راو نے ان کی خدمات کی یاد کو تازہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے دفاعی نظام کی ترقی میں اے پی جے عبدالکلام نے اہم رول ادا کیا ہے جسے ملک کبھی نہیں بھولے گا۔

DESK

HYDERABAD

حیدرآباد میں 17 اکٹوبر کو منعقد شدنی 78 ویں بیاچ آئی پی ایس پروبیشنرس کی دکشانت پریڈ کی تفصیلات سے اکیڈیمی ڈائریکٹر سوجیت پانڈے نے واقف کروایا۔ انہوں نے بتایا کہ جملہ 151 افراد میں 135 ،آئی پی ایس۔ اور 16 بیرونی ممالک کے عہدیداروں نے تربیت مکمل کی ہے جن میں 37 خواتین شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ مرکزی وزرات داخلہ کے سکریٹری گوند موہن بہ حیثیت مہمان خصوصی شرکت کریں گے۔

PTC/HYD

SUSPEND

ضلع نلگنڈہ دامراچرلہ میں یاددری تھرمل پاور پراجکٹ میں برقی پیداوار سے متعلق لاپرواہی برتنے کے الزامات کے تناظر میں چیف انجینئر سریش نائک کوحکومت نے معطل کیا ہے۔اسی طرح حکومت نے پلانٹ میں برقی پیداواراورکوئلہ کی سربراہی کی موثرنگرانی کے لئے آئی اے ایس عہدیدارکوانچارج کےطور پرمقررکیاہے۔

DESK

SAUDI ARIBIA DEATH

سعودی عرب کے جیزان علاقے میں ہوئے حادثے میں ضلع جگتیال کورٹلہ منڈل یاکنی پورموضع سے تعلق رکھنے والے کاشی ریڈی راکیش کی موت ہوگئی۔ریگر کےطورپرکام کرنے والے راکیش جب ڈیوٹی پر تھے کرن سے متعلق حادثے میں پائپ ان کےاوپرگرپڑے جس کی وجہ سےان کی موت ہونے کی اطلاعات ہیں۔ارکان خاندان نے بتایاکہ سعودی عربیہ تلگوسنگھم ریاض کےصدرسرینواس نعش کوآبائی مقام منتقل کرنے کے لئے متعلقہ عہدیداروں سے بات چیت کررہے ہیں۔اس سلسلے میں ساٹاکےذمہ داروں نے ایک بیان جاری کیاہے۔

PTC/JAGTIYAL